لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۰	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ رمضان المبارک ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۷ جون سنہ ۱۹۱۸ء	نمبر ۲۴

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲ جون ۱۹۱۸ء

رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر منظور رہے۔ بغرض اجرائے احکام واپس ہو۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض

جناب عالی

خربوزہ و تربوز پیداوار ریاست محصول چنگی سے مستثنیٰ ہیں۔ بیرونجات کی پیداوار قابل اخذ محصول چنگی ہے۔ اس بنا پر ریاست کی پیداوار جی

پٹواری کی تصدیقی رقعہ کی ضرورت ہوتی ہے کہ یہ مال ضلع غیر کا تو نہیں ہے
اس بارہ میں صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے استمزاج کیا گیا۔
صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ تربوز اور خربوزہ ابتداءً شاید کچھ ضلع
غیر سے آتے ہوں۔ مگر جب یہاں خوب کثرت ہو جاتی ہے تو پھر ضلع
غیر سے مال لانا اور باربرداری وغیرہ کا بار اٹھانا ایک دشوار امر ہے
اور اگر کوئی صورت ایسی پیش آ بھی جائے تو وہ اتفاقیہ ہوگی جس سے
بہت کم آمدنی محصول چنگی کو ہوگی۔ علاوہ ازین پٹواری بھی آرندگان
مال کو بسا اوقات دستیاب نہیں ہو سکتے۔ چونکہ اکثر اوقات
پٹواریوں کو تحصیل وغیرہ میں جانا ہوتا ہے اور آرندگان مال کی پریشانی کا
باعث ہے۔ ایک خفیف رقم کے واسطے رعایا پر اس قسم کی کشاکشی کی قید
لگا دینا غیر مناسب ہے۔ میونسپل افسر صاحب لکھتے ہیں کہ خربوزہ اور تربوز
میوہ فصلی ہے خفیف آمدنی محصول چنگی کے لحاظ سے خربزہ و تربوز محصول سے
مستثنے ہونے کے قابل ہیں۔ لہذا عرضداشت ہذا مع کاغذات متعلقہ
بغرض صدور حکم منظوری اجلاس ہمایون میں پیش کیجاتی ہے۔
دولت و اقبال جاوید باد

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۸ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء

سید فیض الحسن زیدی کے خدمات گورنمنٹ انگریزی سے لئے گئے ہیں
اور آنکے تقرر کا روبکار ۳ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء کو جاری ہو چکا ہے جسمین
دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ اور بیس روپیہ ماہوار ہارس الاونس
اور دس روپیہ ماہوار کرایہ مکان دیا جانا مندرج ہے۔ صاحب
رجنٹ بہادر کی جو تحریر آئی ہے اسمین کرایہ مکان نہیں رکھا گیا ہے۔ لہذا
روبکار مجریہ ۳ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء میں بقدر ترمیم کیجاتی ہے کہ سید فیض الحسن زیدی کو
تنخواہ و ہارس الاونس بشرح مندرجہ ملیگا کرایہ مکان نہ دیا جائیگا۔
حسب حکم ہوا کہ
حسب صراحت بالا احکام ترمیمی جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۰ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء

حسب استدعاء صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر رخصت یک ماہ مولوی
محمد نبی رجسٹرار کتب خانہ بغرض روانگی نینی تال ۷ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء سے منظور فرمائی گئی

اضافہ

۱۲ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء

حکیم سید محمد الیاس صاحب منصرم بیماری خاصہ کی تنخواہ موجودہ میں بیس روپیہ
ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار مزید رخصت یکماہ صدیق حسن سب اورسیر
بوجہ علالت بانتظام سابقہ بعوض منظور ہوئی۔

اندراج اسم

۱۰ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بربنا رپورٹ کورٹ انسپکٹر صاحب مسمی گوپی شاہی
عرف لوری عرف گوکل عرف نرائن لعل نرائن عرف جلدیوا عرف لورا عرف کندن لعل
ڈلیرہ باشندہ موضع کوپ گنج شاہ آباد منتخب شدہ فہرست جرائم پیشہ کا نام بمنشاء دفعہ ۱۲ قانون
جرائم پیشہ درج گزٹ کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت

۱۱ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء

حسب تصدیق صاحب سشن جج بہادر بقیہ رخصت یکماہ منجملہ رخصت دو ماہ منشی فیاض علی اہلمد
عدالت جی منسوخ ہوئی اور تاریخ حاضری سے الاونس اہلمد کا موقوف کیا گیا۔

۹ ماہ جون سنہ ۱۹۱۸ء

حسب تصدیق صاحب مجسٹریٹ ضلع سید اعجاز علی صاحب اپیل مجسٹریٹ درجہ دوم کی مزید رخصت
۱۳ ماہ جون سنہ حال سے بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۰ لغایت ۱۶ جون ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰ مار	۸ مار	۵۰ مار	۵ مار	۵۰ مار	۵ مار	
نخود خالص	۹ مار	۹ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	۹۰ مار	۹۰ مار	
نخود کشت آمیز	۹۰ مار	۱۰ مار	۱۳ مار	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۰۰ مار	
کشہ	۱۱۰ مار	۰	۱۲ مار	۱۳ مار	۱۱۰ مار	۱۱ مار	
ماش	۷ مار	۷۰ مار	۷۰ مار	۰	۷۰ مار	۷ مار	
مونگ	۷۰ مار	۷۰ مار	۷۰ مار	۰	۷۰ مار	۷ مار	
مکا	۱۳۰ مار	۰	۱۵ مار	۱۳ مار	۱۳۰ مار	۰	
جونر	۱۳ مار	۰	۱۰۰ مار	۱۳ مار	۱۱۰ مار	۱۱ مار	
گوجئی	۰	۰	۱۲۰ مار	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۳ مار	
عدس	۹۰ مار	۹۰ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	۱۰۰ مار	۸ مار	
ارہر	۱۲ مار	۱۱ مار	۱۳ مار	۱۵ مار	۱۳ مار	۱۲ مار	
برنج	۶ مار	۶ مار	۶ مار	۶ مار	۵۰ مار	۶ مار	
روغن زرد	-۱۱۱ مار	۰ مار	۰۱ مار	۰ مار	۰۱۱ مار	-۱۱۱ مار	
روغن سیاہ	۱۰۱۱ مار	۱۰ مار	۲ مار	۱۰۱ مار	۲ مار	۱۰ مار	
روغن کنجد	۱۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱۰ مار	۱ مار	
نمک سانبھر	۱۱۰ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	۷ مار	۱۱ مار	۱۰ مار	
نمک لھوری	۷ مار	۰	۶۰ مار	۵ مار	۸ مار	۹ مار	
قند سیاہ	۷ مار	۸ مار	۸ مار	۹ مار	۸ مار	۱۰ مار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۱۰۰ مار	۰	